مجھے بے حد متاثر کیا۔ بلاشبہ ان کی وفات عالم اسلام کے لئے عظیم نقصان ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ بخشے۔" (سفیر سعودی عربیہ)

جناب شیخ صالح القزاز نے اپنے مفصل جوابی ٹیلیگرام میں کہا :

مکہ معظمہ

محترم جناب مولانا عبدالحق صاحب و مولانا سمیع الحق صاحب مدیر الحق

ہمارے ساتھ اس سانحۂ عظیم پر آپ کے اظہارِ افسوس کے جذبات کا شکریہ۔ ان کی وفات کے بعد شہزادہ فہد بن عبدالعزیز نہایت متقی انسان ہیں۔ ان کو جناب شہید لیڈر نے وارث تخت مقرر کیا تھا، خدا ان کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ بخشے۔

بلاشبہ یہ ایک عظیم سانحہ ہے اور اسکی تسلی اور تسکین و تلافی صرف اس طرح ہو سکتی ہے کہ جس شخص نے ان کے بعد قیادت کی ذمہ داری اپنے کندھوں پر اٹھائی ہے، وہ ایک اہل شخصیت ہے۔ ان سے ہمیں یہ خوشگوار مستقبل جھانکتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ کہ انشاء اللہ مملکت سعودی عربیہ پیغام اسلام کی ترویج کے لئے اپنی خصوصی حیثیت و قیادت برقرار رکھ سکے گی۔ جس میں شہید لیڈر نے عالم اسلام کو اتحاد، یگانگت اور سالمیت کا درس دیا ہے۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ سبحانہٗ ان کو مندرجہ بالا کاموں کی تکمیل کی مدد فرما دے اور اسلام کی بھلائی کی خدمات کی توفیق دے۔ تاکہ تمام مسلمان ایک طاقت کی شکل میں ابھریں دشمنوں کو شکست فاش دیں اور بیت المقدس کو آزاد کرائیں۔ اور مسلمان اپنا کھویا ہوا وقار حاصل کریں۔ (صالح القزاز۔ الامین العام رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ)

الحق میں اشتہار دے کر اپنی تجارت کو فروغ دیں